26-09-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                    کونین حیدر

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیراعظم نریندر مودی خواتین کو خود کفیل بنانے کی خاطر آج بہار میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مکھیہ منتری مہیلا روزگار یوجنا کا آغاز کریں گے۔

2- مِگ 21 لڑاکا جیٹ طیارے 62 سال تک اپنی خدمات کے بعد آج بیڑے سے الگ ہوجائیں گے۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دہشت گردانہ سرگرمیوں کو بالکل برداشت نہ کرنے کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے اور پابندیوں کے اطلاق کے تعلق سے کچھ ملکوں کے دوہرے معیار پر نکتہ چینی کی ہے۔

4- انتخابی کمیشن نے ڈاک کے ذریعے بھیجے گئے ووٹوں کی گنتی کے عمل کو مربوط بنانے کیلئے نئی ہدایات جاری کی ہیں۔

5- مرکزی سرکار نے غیر ملکی عطیات کو منضبط کرنے سے متعلق ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے کی بنا پر سونم وانگ چُک کی NGO کا FCRA سر ٹیفکیٹ منسوخ کردیا ہے۔

6- فلسطین کے صدر نے حماس کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ وہ امن منصوبے پر امریکہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے تیار ہیں۔

7- اور کرکٹ میں پاکستان، بنگلہ دیش کو ہراکر ایشیا کپ کے فائنل میں پہنچ گیا ہے جہاں اُس کا مقابلہ بھارت سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Bihar Scheme

بہار سرکار نے کہا ہے کہ خواتین سے متعلق وزیراعلیٰ کی روزگار اسکیم ”مکھیہ منتری مہیلا روزگار یوجنا“ سے خواتین کو خود کفیل اور بااختیار بنانے میں مدد ملے گی۔

مذکورہ اسکیم کے تحت وزیراعظم نریندر مودی آج ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے متعلقہ خواتین کے بینک کھاتوں میں سیدھے دس-دس ہزار روپے منتقل کریں گے۔ بہار اسمبلی

انتخابات سے قبل مذکورہ اسکیم کو بہت اہم مانا جا رہا ہے۔ اِس کے تحت دیہی اور شہری دونوں علاقوں میں ”بااختیار خواتین اور خوشحال بہار“ کے عزم کی تکمیل ہو سکے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Dharmendra

اسکیم کے آغاز کے پہلے دن 75 لاکھ خواتین کے کھاتوں میں دس ہزار روپے کی پہلی قسط منتقل کی جائے گی۔ ریاست کے وزیراعلیٰ نتیش کمار کی قیادت میں خواتین کیلئے مختلف بہبود کے اقدامات کے حصے کے طور پر اِس پہل کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ آج مجموعی طور پر ساڑھے سات ہزار کروڑ روپے DBT کے توسط سے بینک کھاتوں میں سیدھے منتقل کیے جائیں گے۔ سرکار نے کہا ہے کہ اگر روزگار صحیح سمت میں آگے بڑھتا ہے تو مستفید ہونے والے افراد کو دو لاکھ روپے کی اضافی امداد فراہم کی جائے گی۔x

دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں......

Rev. IAF Farewell

بھارتی فضائیہ آج چنڈی گڑھ میں MiG-21 طیارے کو الودع کہے گی۔ یہ تقریب اس طیارے کا ایک دور مکمل ہونے پر ہوگی، جس نے 60 سے زیادہ برس تک ملک کی خدمت کی۔ تقریب کے دوران وزیر دفاع راجناتھ سنگھ مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ اس میں دفاعی عملے کے سربراہ جنرل انِل چوہان، فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دِویدی اور ریٹائرڈ ایئر چیف مارشل وی-آر چودھری بھی شامل ہوں گے۔ وزارتِ دفاع نے ایک بیان میں کہا ہے کہ MiG-21بھارتی فضائیہ کی شاندار پہچان رہا ہے اور اس نے کئی نسلوں تک اپنی بہادری کی داستانیں لکھی ہیں۔×

Prez-Geoscience Award

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دلّی کے راشٹرپتی بھون کلچرل سینٹر میں ایک رسمی تقریب میں سرکردہ نیشنل جیو سائنس ایوارڈز 2024 عطا کریں گی۔ یہ ایوارڈ جیو سائنسز کے شعبے میں ملک کے سب سے پرانے اور سرکردہ اعزازات میں سے ایک ہیں۔ اِن ایوارڈ کا مقصد جیو سائنسز کے مختلف شعبوں میں غیر معمولی حصولیابی اور تعاون کے لیے انفرادی طور پر اور ٹیموں کو اعزاز بخشنا ہے۔ اس تقریب میں کوئلے اور کانوں کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈّی بھی شرکت کریں گے۔×

PM-World Food India

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ خوراک کے شعبے میں تنوع، مانگ اور پیمانے کے لحاظ سے بھارت کے پاس تین گُنی طاقت ہے۔ کل شام نئی دلّی میں ورلڈ فوڈ انڈیا 2025 پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ تنوع، مانگ اور اختراع کے سبب بھارت سرمایہ کاری کے لیے سب سے پسندیدہ مقام ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت عالمی سطح پر خوراک کی یقینی فراہمی کے لیے مسلسل تعاون کر رہا ہے۔

S/B - PM Food Diversity

Jaishankar G20 FMM New

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ جو ممالک دہشت گردی کے خلاف لڑ رہے ہیں وہ بین الاقوامی برادری کی خدمت کر رہے ہیں۔ نیویارک میں G20 کے وزراءِ خارجہ کی میٹنگ میں آپریشن سندور کا کیس پیش کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ دنیا کو دہشت گردانہ سرگرمیوں کو بالکل برداشت نہ کرنے کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ وزیر خارجہ نے پابندیوں کے اطلاق کے تعلق سے دنیا کے دوہرے معیار پر نکتہ چینی بھی کی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ پابندیوں سے سپلائی، Logisticsمیں خلل پیدا ہوتا ہے اور خرچ میں اضافہ ہوتا ہے، جس سے ملکوں پر دباؤ پڑتا ہے۔

S/B: 0815 S-Jaishnakar Terrorism

وزیر خارجہ نے پیچیدہ عالمی خطرات کو دور کرنے میں اِس طرح کے ملکوں کو شامل کیے جانے کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا۔x

GST Reforms Multiple Sector

نئے سلسلے کی GST اصلاحات ملک کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو سہل بنانے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ اب عوام GST اصلاحات کا فائدہ حاصل کرسکتے ہیں، جو اِس مہینے کی 22 تاریخ سے نافذ ہو چکی ہیں۔

نئے ڈھانچے کے تحت متعلقہ GST کونسل نے 5، 12، 18 اور 28 فیصد کے 4 زمروں والے ٹیکس نظام کو اب 5 اور 18 فیصد کے 2 زمروں میں سہل بنا دیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے کہا ہے کہ کئی طرح کی اشیاء اور خدمات پر ٹیکس شرح کم ہونے سے لوگوں کو بڑی راحت مل رہی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...........

VC - Nitika

متعلقہ GST کونسل نے بالواسطہ ٹیکس نظام میں بڑی اصلاحات کو منظوری دی ہے۔ شرحوں کو معقول بنانے کا مقصد عام آدمی، زیادہ افرادی قوت والی صنعتوں، کسانوں، زراعت، حفظانِ صحت اور معیشت کے دیگر اہم شعبوں کو فائدہ پہنچانا ہے۔ نئے ڈھانچے کے تحت کئی طرح کی ضروری غذائی اشیا پر ٹیکس بالکل ختم کردیا گیا ہے۔ اِن میں چھینا، پنیر، پیزہ بریڈ اور چپاتی شامل ہیں۔ زرعی شعبے کو نمایاں راحت پہنچاتے ہوئے ٹریکٹرس، فصل کاٹنے کے کام آنے والی مشینری جیسے سامان پر GST بارہ فیصد سے کم کرکے پانچ فیصد کردیا گیا ہے۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے دلی کے ایک باشندے ابھے پرتاپ نے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ اس سے متوسط طبقے کو اپنی امنگیں پوری کرنے میں مدد ملے گی۔

Byte: Abhay Pratap

GSTشرحیں کم ہونے سے مینوفیکچرنگ شعبے خاص طور پر چھوٹے اور درمیانہ درجے کے کاروباری اداروں کو بھی تقویت ملے گی۔x

دلی سے نتیکا گپتا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں.......

## EC postal Ballots

انتخابی کمیشن نے ڈاک کے ذریعے بھیجے گئے ووٹوں کی گنتی سے متعلق ضابطوں پر نظرثانی کی ہے اور اس بات کو لازمی قرار دیا ہے کہ EVM کے آخری دور اور VVPATSکی گنتی سے پہلے ڈاک سے بھیجے گئے سبھی ووٹوں کی گنتی ہو جانی چاہیے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ مخصوص ضروریات کے حامل افراد اور 85 برس سے زیادہ بزرگ شہریوں کے لیے گھر سے ووٹ دینے کے حالیہ اقدامات کے سبب ڈاک سے بھیجے جانے والے ووٹوں میں خاطر خواہ اضافے کے سبب یہ اقدام سامنے آیا ہے۔x

## Home Ministry Sonam Wangchuk

امور داخلہ کی وزارت نے سونم وانگ چُک کی NGO کا FCRA سر ٹیفکیٹ منسوخ کردیا ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ سرکاری اطلاعات کے مطابق سونم وانگ چُک نے 2021-22 میں غیر ملکی عطیات کو منضبط کرنے سے متعلق ایکٹ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ایسوسی ایشن کے FCRA اکاؤنٹ میں ساڑھے تین لاکھ روپے جمع کرائے تھے۔

مذکورہ NGO کو بھی مختلف امور پر تعلیمی پروگرام کیلئے سویڈن کے عطیہ دینے والے ایک ادارے سے چار لاکھ 93 ہزار 205 روپے موصول ہوئے تھے۔ اِن معاملات میں مائیگریشن، آب و ہوا کی تبدیلی، خوراک کی یقینی فراہمی اور اقتدارِ اعلیٰ شامل ہیں۔

وزارت نے کہا ہے کہ ملک کے اقتدارِ اعلیٰ کے مطالعے کیلئے کسی طرح کا غیر ملکی عطیہ قبول نہیں کیا جا سکتا اور ایسا کرنا ملک کے قومی مفاد کے خلاف ہے۔x

Seva Parv-e-Governance Ecosystem

عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی پر مبنی سیوا اور سُشاسن کے منتر سے تحریک حاصل کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر قیادت حکومت تبدیلی اور ترقی کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ آج ہم خصوصی سیریز ’سیوا پرو‘ کے تحت اس بات کا تذکرہ کریں گے کہ کس طرح مودی حکومت نے بھارت کے بڑھتے ہوئے ای-گورننس ایکو نظام کے ذریعے حکمرانی کو بلا رکاوٹ، شفاف اور سب کی شمولیت پر مبنی ڈیجیٹل تجربے میں تبدیل کر دیا ہے۔

Capsule

عوامی خدمات سے لے کر اقتصادی طور پر بااختیار بنائے جانے پر بھارت کا ای-گورننس ایکو نظام شہریوں کے تجربات کو ایک سَمت دے رہا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے نظریے کے تحت ٹکنالوجی حکمرانی کو زیادہ رسائی اور شمولیت والی بنا رہی ہے۔ جیسا کہ وزیر اعظم نے کہا تھا کہ ای-گورننس آسان، مؤثر، کفایتی اور ماحول کے لیے سازگار حکمرانی ہے۔

S/B - PM - E Governance

JAM Trinity-Jan Dhan، آدھار اور موبائل بھارت کے ڈیجیٹل منظرنامے میں انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ فائدے کی براہِ راست منتقلی یا DBT حکومتی فائدوں، سبسڈی اور ادائیگیوں کو براہِ راست مستفیدین کے بینک کھاتوں میں بھیجنے کے لیے JAM نیٹ ورک کا استعمال کرتا ہے۔ اُمنگ ایپ سرکاری خدمات تک رسائی کا ایک واحد پلیٹ فارم ہے۔ جموں کشمیر کے بارہمولہ کے سید خالد نے کہا کہ اُمنگ ایپ کے ذریعے وہ اپنا کام آسانی سے اور جلد مکمل کر لیتے ہیں۔

S/B - Syed Umaang

ٹکنالوجی اب سرکار اور عوام کے درمیان ایک پُل کا کام کر رہی ہے اور اس سے ہر شہری کو سہولتیں فراہم ہو رہی ہیں۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Amit Shah Kolkata

داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ آج کولکاتہ میں دُرگا پوجا کے تین پنڈالوں کا افتتاح کریں گے۔ وہ کولکاتہ کے Lebutala میں سنتوش مِتر Square دُرگا پوجا پنڈال کا افتتاح کریں گے۔ اس کا تھیم آپریشن سِندور ہے۔ وہ شہر میں سیوک سنگھ کے دُرگا پوجا پنڈال کا بھی افتتاح کریں گے۔ بعد میں دوپہر میں وزیر موصوف سالٹ لیک میں مشرقی زونل ثقافتی مرکز میں دُرگا پوجا کے پروگرام میں شرکت کریں گے۔×

## MEA Afghanistan

وزارت خارجہ نے بتایا ہے کہ راحت سامان سے بھرے تین Container چابہار بندرگاہ کے راستے افغانستان کی راجدھانی کابل پہنچ گئے ہیں اور وہاں انہیں افغان حکام کو سونپ دیا گیا ہے۔

یہ امداد اس خطّے میں حالیہ زلزلے کے بعد بھارت کی طرف سے جاری انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کی جانے والی مدد کا حصہ ہے۔

اس امدادی سامان میں غذائی اشیاء، پانی کو صاف کرنے کی مشینیں، پروٹین پاؤڈر، پانی ذخیرہ کرنے کے ٹینک، جزیٹر، فیملی ٹینٹ، ضروری دوائیں اور دیگر طبّی سامان شامل ہے۔×

## Palestine Statehood

فلسطین کے صدر محمود عباس نے حماس کی مذمت کی ہے اور اقوام متحدہ کی حمایت یافتہ امن منصوبے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ساتھ کام کرنے کی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں شامل ہونے پر پابندی کے بعد ویڈیو کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے صدر عباس نے اپنی سرزمین پر فلسطین کے دعوے کی تائید کی اور امریکہ اور فرانس اور سعودی عرب کے ساتھ اشتراک کرنے پر رضامندی ظاہر کی۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس ہفتے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کی جانب سے اختیار کیے گئے امن منصوبے کے نفاذ کے لیے امریکہ فرانس اور سعودی عرب کے ساتھ کام کرنے کے لیے تیار ہیں، جہاں فلسطینی مملکت کو تسلیم کرنے والے ملکوں کی تعداد بڑھ کر 150 سے زیادہ ہو گئی ہے۔×

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے آج ساحلی آندھراپردیش، اُڈیشہ اور تلنگانہ کے کچھ مقامات پر شدید سے بہت شدید بارش کا قوی امکان ظاہر کیا ہے اور کہیں کہیں اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کل تک چھتیس گڑھ، کرناٹک، کیرالہ، ماہے، کونکن، گوا، لکش دیپ، مہاراشٹر، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائکل میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی

ہے۔ موسمیات کی ایجنسی نے کہا ہے کہ آئندہ تین سے چار روز کے دوران انڈومان نکوبار جزائر میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔×

Defence LCA

وزارت دفاع نے بھارتی فضائیہ کیلئے MK - One -A طرز کے 97 ہلکے لڑاکا ہوائی جہاز خریدنے کیلئے ہندوستان Aeronautics لمیٹڈ کے ساتھ ایک کانٹریکٹ پر دستخط کیے ہیں۔ اِن کی مالیت 62 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ ہوگی۔ ان میں بھارتی فضائیہ کیلئے 68 لڑاکا طیارے اور دو سیٹوں والے 29 ہوائی جہازوں کے ساتھ ساتھ متعلقہ سازوسامان بھی شامل ہوگا۔

امید ہے کہ اِن کی تیاری سے چھ سال کی مدت کے دوران ہر سال 11 ہزار سے زیادہ براہِ راست اور بالواسطہ روزگار کے مواقع دستیاب ہوں گے اور اندرونِ ملک Aerospace نظام کو بڑی تقویت ملے گی۔x

Jaishankar ORF

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے اِس بات کو اجاگر کیا ہے کہ غیر یقینی کے حالات میں دنیا کے ممالک خود کفالت، تکنیک، کثیر قطبی نظام اور جنوب-جنوب اشتراک کے ذریعے ایک دوسرے کو تقویت پہنچائیں گے۔ کَل نیویارک میں سالانہ ORF پینل مباحثے میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ عالمی سطح پر ایک ایسی افرادی قوت ابھرے گی جو موجودہ تقاضوں کے عین مطابق خود کوڈھالے گی۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ تجارت اور کاروبار، محصولاتی اور غیر محصولاتی رکاوٹوں پر عبور حاصل کرتے ہوئے کوئی راستہ نکال لیں گے، جس سے نئی ترجیحات پیدا ہوں گی۔

S/B: 0815 Jaishankar- Peace Through Dial Diplomacy

Kerala Rain

کیرالہ میں بارش کا زور بڑھ گیا ہے۔ موسمیات محکمے نے ریاست کے دو ضلعوں میں آج کہیں کہیں شدید سے لے کر بہت شدید بارش کے امکان کے مدِّ نظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ ماہی گیروں سے کہا گیا ہے کہ وہ سمندر میں نہ جائیں۔x

Rev. Cricket

کرکٹ میں کل رات دبئی میں، ایشیاء کپ 2025 کے اپنے سُپر فور مقابلے میں پاکستان، بنگلہ دیش کو 11 رن سے ہرا کر فائنل میں پہنچ گیا ہے۔ اب اتوار کے روز پاکستان کا خطابی مقابلہ بھارت سے ہوگا۔

اس دوران فائنل سے پہلے ایک اور سُپر فور مقابلے کے تحت آج دبئی میں بھارت کا سامنا سری لنکا سے ہوگا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTSِ

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ارجمند علی خان

شکریہ - کونین حیدر

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اترپردیش اور راجستھان دورے سے متعلق خبروں شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے: بھارت جیسے ملک کو اب کسی پر انحصار کرنا ٹھیک نہیں۔ وزیر اعظم نے اترپردیش انٹرنیشنل ٹریڈ شو کے افتتاح کے موقع پر کہا "ملک کی معاشی مضبوطی کے لیے GST اصلاحات کا سلسلہ جاری رہے گا۔"

BJPنے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان کو بہار کے لیے الیکشن انچارج مقرر کیا ہے۔ اس خبر کو ہندوستان ایکسپریس ے اپنے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

DRDOنے اگنی پرائم میزائل کا کامیاب تجربہ کیا۔ اس خبر کو بیشتر اردو اخبارات نے اپنے صفحہٴ اوّل پر اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، پرتاپ اور کچھ دیگر اخبارات نے یوکرین اور ملک شام کے درمیان منقطع سفارتی تعلقات کی بحالی سے متعلق خبر کو اپنے بین الاقوامی خبروں کے صفحے پر پیش کیا ہے۔

انڈونیشیا میں اسکول کا کھانہ کھانے سے ایک ہزار سے زائد بچے فوڈ پوازننگ کا شکار، ایمرجنسی نافذ۔ اس خبر کو انقلاب نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اس کے علاوہ امام کعبہ شیخ ڈاکٹر صالح بن حمید کے سعودی عرب کے مفتی اعظم مقرر ہونے کی خبر بھی اخبارات میں ہے۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی خواتین کو خود کفیل بنانے کی خاطر آج بہار میں ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے مکھیہ منتری مہیلا روزگار یوجنا کا آغاز کریں گے۔

2- مِگ 21 لڑاکا جیٹ طیارے 62 سال تک اپنی خدمات کے بعد آج بیڑے سے الگ ہوجائیں گے۔

3- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے دہشت گردانہ سرگرمیوں کو بالکل برداشت نہ کرنے کا مظاہرہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے اور پابندیوں کے اطلاق کے تعلق سے کچھ ملکوں کے دوہرے معیار پر نکتہ چینی کی ہے۔

4- انتخابی کمیشن نے ڈاک کے ذریعے بھیجے گئے ووٹوں کی گنتی کے عمل کو مربوط بنانے کیلئے نئی ہدایات جاری کی ہیں۔

5- مرکزی سرکار نے غیر ملکی عطیات کو منضبط کرنے سے متعلق ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے کی بنا پر سونم وانگ چُک کی NGO کا FCRA سر ٹیفکیٹ منسوخ کردیا ہے۔

6- فلسطین کے صدر نے حماس کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ وہ امن منصوبے پر امریکہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے تیار ہیں۔

7- اور کرکٹ میں پاکستان، بنگلہ دیش کو ہراکر ایشیا کپ کے فائنل میں پہنچ گیا ہے جہاں اُس کا مقابلہ بھارت سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---